# مشق

(الف) "ماہ اور کمال" کو ملا کر مرکب اضافی "ماہِ کمال" بنا ہے۔اسی طرح آپ حصّہ "الف" اور حصّہ "ب" سے مناسب الفاظ چُن کر مرکب اضافی بنائیے:

| حصّہ الف | حصّہ ب | حصّہ ج |
|---|---|---|
| ۱- عشق | صحرا | |
| ۲- شاہ | خلق | |
| ۳- خدمت | مدینہ | |
| ۴- موسم | رسول | |
| ۵- ریگ | بہار | |

(ب) نیچے دیے ہوئے الفاظ کو صحیح ترتیب دے کر جملے بنائیے:

۱- بندوں-اپنے-اللہ-کرم-کرتا-پر-ہے۔

۲- مکّہ-ہوئے-ہمارے پیارے نبی ﷺ-میں-پیدا

۳- قرآن مجید-ہے-کتاب-آخری-کی-اللہ

(ج) ہم معنی الفاظ کے جوڑے بنائیے:

| حصّہ الف | حصّہ ب |
|---|---|
| ۱- لُطف | غم |
| ۲- ملال | آرزو |
| ۳- تمنّا | کرم |
| ۴- عکس | دُنیا |
| ۵- عالم | پرچھائیں |

(د) اس نعت کو زبانی یاد کیجیے۔



# غزلیں

خواجہ میر دردؔ

مِرا جی ہے جب تک تری جُستجو ہے
زباں جب تلک ہے یہی گُفتگو ہے
تمنّا ہے تیری اگر ہے تمنّا
تری آرزو ہے اگر آرزو ہے
کیا سیر ہم نے جو گلزارِ دنیا
گلِ دوستی میں عَجَب رنگ وبُو ہے
نظر میرے دل کی پڑی دردؔ کس پر
جدھر دیکھتا ہوں وہی رُوبرُو ہے

------

مرزا غالبؔ

ابنِ مریم ہُوا کرے کوئی ۔۔۔ میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی
بات پر واں زبان کَٹتی ہے ۔۔۔ وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی
نہ سُنو، گر بُرا کہے کوئی ۔۔۔ نہ کہو، گر بُرا کرے کوئی
روک لو، گر غلط چلے کوئی ۔۔۔ بخش دو، گر خطا کرے کوئی